# کیا جنتی شخص جنت میں اپنی صورت تبدیل کر سکیں گے ؟

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا یہ بات درست ہے کہ جنت میں جنتی بازار میں جائیں گے ، وہاں تصاویر دیکھیں گے اور جو صورت اچھی لگے ، اس کو اختیار کر سکیں گے ؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں ! جنت میں بازار ہو گا جس میں جنتیوں کا گزر انسانی تصاویر کے پاس سے ہو گا ، تو جو صورت جنتی کی آنکھ میں اپنے چہرے سے زیادہ اچھی معلوم ہو گی تو ابھی وہ اسے دیکھے گا ہی کہ اس کا چہرہ بھی اسی جیسا ہو جائے گا۔

دعوت اسلامی کی شائع کردہ کتاب 'نیکیوں کی جزائیں اور گناہوں کی سزائیں' میں ہے : "اللہ کے محبوب ، دانائے غُیوب ، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب عزوجل و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مزید ارشاد فرمایا : "پھر وہ بچھونوں ، قالینوں ، مختلف رنگ کے تکیوں ، حُلّوں اور برتنوں کی طرف دیکھیں گے تو جو کوئی کسی چیز کا ارادہ کرتے ہوئے اس پر نظر ڈالے گا تو اس کے پیچھے آنے والے فرشتے اس شے کو اٹھا لیں گے پھر ان کا گزر بنی آدم کی تصاویر پر ہو گا تو جو صورت جنتی کی آنکھ میں اپنے چہرے سے زیادہ بھلی معلوم ہو گی تو ابھی وہ اسے دیکھے گا ہی کہ اس کا چہرہ بھی اسی جیسا ہو جائے گا اور جس صورت کو بھی چاہے گا وہ زیب و زینت اور حسن میں اس کی صورت ہو جائے گی اور (قدرتِ الٰہیہ عزوجل سے) وہ (سابقہ) صورت اس سے زائل ہو جائے گی پھر جنتی ، بازار میں مختلف حُلّوں اور پَروں کو دیکھیں گے ، فرشتے کہیں گے : "جسے بھی اُڑنے کی خواہش ہے

وہ ان پَروں اور حُلّوں کو پہن کر اڑ سکتا ہے۔ "چنانچہ وہ اِن پَروں کو پہن لیں گے اور جہاں وہ چاہیں گے ان کے پر انہیں لے کر اُڑیں گے۔" (نیکیوں کی جزائیں اور گناہوں کی سزائیں، صفحہ 116، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2113

**تاریخ اجراء:** 02رجب المرجب1446ھ/03جنوری2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net